© rasailojaraid.com



**محمد ﷺ غیر مسلموں کی نظر میں** : از آصف حسن۔ ناشر: شمع بک ایجنسی، نیو اردو بازار کراچی۔ صفحات ۶۴۔ قیمت ۹ روپے۔

اس مختصر کتابچے میں متعلقہ موضوع پر متعدد اقتباسات فراہم کیے گئے ہیں۔ ایسی تحریروں کا مطالعہ کرتے ہوئے یہ خیال رکھنا چاہیے کہ غیر مسلم عموماً رسول کریم ﷺ کو، اللہ کا رسول تسلیم نہیں کرتے۔ یعنی ان کے نزدیک آپ کا دعویٰ نبوت جھوٹا تھا۔ اس لیے ان کے تعریفی کلمات میں بھی زہر گھلا ہوتا ہے اور یہ زہرفشانی بڑی چابک دستی سے کی جاتی ہے۔

---

**صلوٰۃ النبیؐ** : از مولانا محمد یوسف قریشی۔ ناشر: موتمر المولفین جامعہ اشرفیہ، چارسدہ روڈ، پشاور۔ صفحات ۹۶۔ قیمت ۱۰ روپے۔

۶۳ احادیث کی روشنی میں ترتیب کے ساتھ نماز سے متعلق ضروری امور بیان کیے گئے ہیں۔ "فاضربوہ" کا ترجمہ "مار مار کر پڑھاؤ" محلِ نظر ہے۔

---

**قافلۂ حق** : از ابن عبدالشکور۔ ناشر: دعوتِ اسلام سنٹر، بنگلور، بھارت۔ صفحات ۳۲۔ قیمت ۴ روپے۔

تجدید و احیائے دین کے لیے تحریکِ مجاہدین اور جماعتِ اسلامی کی خدمات کا مختصر تذکرہ۔

## وضاحت

۱۔ ترجمان القرآن میں ترجیحاً دینی اور علمی کتابوں پر تبصرے شائع کیے جاتے ہیں۔

۲۔ تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے آنا ضروری ہیں۔

۳۔ تبصرے کے لیے مطبوعات براہ راست : مدیر ترجمان القرآن منصورہ، لاہور ۵۴۵۷۰ کو بھیجی جائیں۔

© rasailojaraid.com